تعلیماتِ اسلامی (لازمی)	لاہور بورڈ، 2015	انٹر پارٹ-I پہلا گروپ

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ	(انشائیہ طرز)	کل نمبر: 40

(حصہ اول)

2- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) اللہ کی صفات کے تقاضوں میں شرک سے کیا مراد ہے؟

(ii) اساتذہ کے دو حقوق لکھیے۔

(iii) عقیدہ ختم نبوت کی ایک آیت اور ایک حدیث کے حوالہ سے وضاحت کیجئے۔

(iv) قرآن ایک کتاب اعجاز ہے، وضاحت کیجئے۔

(v) محمدؐ کے فرمان کے مطابق روزہ کا کیا ثواب ہے؟

(vi) زکوٰۃ کے چار معاشرتی فوائد لکھیے۔

(vii) جنگ اور جہاد میں کیا فرق ہے؟

(viii) والدین کے حقوق کے بارے میں قرآن میں کیا حکم ہے؟

(ix) احادیث کی روشنی میں ہمسائے کے چار حقوق بیان کیجئے۔

3- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) ماں کی عظمت کے بارے میں فرمانِ رسولؐ کا ترجمہ لکھیے۔

(ii) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صبر و استقلال کی ایک مثال دیجئے۔

(iii) تسبیح فاطمہ سے کیا مراد ہے؟

(iv) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کافروں کے لیے رحمت تھے، کیسے؟ لکھیے۔

(v) خطبہ حجۃ الوداع کب اور کہاں ہوا؟ لکھیے۔

(vi) مدنی سورتوں کی دو خصوصیات لکھیے۔

(vii) پہلی نزول وحی کا واقعہ مختصراً لکھیے۔

(viii) آیت کا ترجمہ لکھیے: لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

(ix) حدیث کا ترجمہ لکھیے: اَلْجَنَّةُ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّهَاتِ

(حصہ دوم)

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے۔

4- توحید کا مفہوم لکھیے اور انسانی زندگی پر عقیدۂ توحید کے اثرات تحریر کیجیے۔ 8

5- رذائل اخلاق سے کیا مراد ہے؟ کسی ایک پر تفصیلاً لکھیے۔ 8

6- مساوات کسے کہتے ہیں؟ آپؐ نے اسلامی معاشرے میں مساوات کیسے قائم کی؟ 8